# PRE-BOARD EXAMINATION-2, JANUARY-2020

**CLASS: X** **URDU (2nd Language)** **Time: 3 hrs.**

**MAX. MARKS: 80**

---

سوال 1 ۔درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھے اوراس سے معلق سوالوں کے متبادل جوابوں سے صحیح ہی کیجیے۔؟ 5

شیخ ابراہیم ذوق فرماتے ہیں کہ موسم برسات کا تھا ابر آرہا تھا دریا حرھاؤں پر تھا میں دیوان خاص میں ایک طرف جا کر بیٹھ گیا اور غزل لکھنے لگا۔ تھوڑی دیر بعد پاؤں کی آہت معلوم ہوئی۔ دیکھا تو پشت پر ایک گورے صاحب کھڑے ہیں ۔ مجھ سے کہا آپ کیا لکھتا ہے۔میں نے کہا غزل ہے۔

فرمایا کس زبان میں؟ میں نے کہا اردو میں۔پوچھا آپ کیا کی ازبانیں جانتا ہے۔میں نے کہا فارسی اور عربی جانتا ہوں۔پوچھا آپ انگریزی جانتا ہے۔میں نے کہا نہیں۔فرمایا کیوں نہیں پڑھا؟ میں نے کہا ہمارا ۔لب ولہجہ اس سے موافق نہیں ہے وہ ہمیں آتی نہیں۔صاحب نے کہاویل! یہ کیابات ہے ہم نے آپ کا تین زبان ہندوستان میں آکر سکھیا۔آپ ہماراایک زبان نہیں سمجھ سکتا میں نے کہاصاحب! ہم زبان کا سکھیااسے کہتے ہیں کہ اس میں بات حیب ہر قسم کی تحریر و تقریر اس طرح کریں جس طرح خود اہل زبان کرتے ہیں۔آپ فرماتے ہیں ہم آپ کا تین زبان سکھ لیا۔کیازبان ہے۔؟اور کیا سکیھا ہے۔اسے زبان کا سیکھنااور بولنا نہیں کہتے۔اسے توزبان کا حراب کرما کہتے ہیں۔

i شیخ ابراہیم ذوق کیسے ماحول میں غزل لکھ رہے تھے۔؟

- حراں کے موسم میں
- برسات کے موسم
- گرمی کے موسم
- سرما کے موسم

ii گورے صاحب نے پیچھے سے آکر مجھ سے کہا۔؟

- آپ کیالکھتے ہو
- آپ کیالکھتا ہے
- آپ نے کیالکھا ہے
- آپ نے کیوں لکھا ہے۔

iii ذوق نے انگیزی نہ پڑھنے کی کیا وجہ بیان کی۔؟

- مجھے انگریزی میں کوئی دلچسپی نہیں
- ہمارا لب ولہجہ اس کے لے موافق نہیں
- انگیزی بہت ہی سخت زبان ہے
- انگریزی بہت ہی فضول ہے

iv گورے صاحب نے زبانیں سکھسے کے بارے میں کیا دعوی کیا۔؟

- ہم بہت ہی ہوشیار ہیں
- ہم تین زبان ہندوستان میں آکر سیکھا آپ ہمارا ایک زبان میں نہیں سیکھ سکتا
- انگیزی زبان بہت اچھی ہے
- ہندوستان کے لوگ ہوشیار نہیں ہے۔

v ذوق نے زبان سیکھنے کی کیا پہچان بتائی۔؟

- اس میں بات حیب ہر قسم کی تحریر اور تقریر اس طرح کریں جس طرح خود اہل زبان کرتے ہیں
- زبان سیکھنے کے لیے بہت سی معلومات کی ضرورت ہوتی ہے۔
- زبان سیکھنے کے لیے بہت ہی قبلیب ہونی چاہیے۔؟
- زبان سیکھنے میں بہت وقت لگتا ہے

سوال2 درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھے اور اس سے معلق سوالوں کے متبادل جوابوں سے صحیح 5

| | |
|---|---|
| ابن مریم ہوا کرے کوئی | میرے دکھ کی دوا کرے کوئی |
| بک رہا ہوں جنوں میں کیا کچھ | کچھ نہ سمجھے حدا کرے کوئی |
| بات پر واں زبان کسی ہے | وہ کہیں اور سنا کرے کوئی |
| کون ہے جو حاجب مند | کس کی حاجب روا کرے کوئی |
| حب توقع ہی اُٹھ گئی غالب | کیوں کسی کا گلہ کرے کوئی |

i ابن مریم کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے۔؟

- حضرت موسی
- حضرت عیسی
- حضرت علی
- حضرت نوح

ii حاجب مند سے ساعر کی کیا مراد ہے۔؟

- حسد کرنے والا
- ضرورت مند
- نصیحت کرنے والا
- اجازت مانگنے والا

iii حاجت روا کرنے سے شاعر کی کیا مراد ہے۔؟
- کسی کا وعدہ پورا کرنا
- کسی کی ضرورت پورا کرنا
- کسی حسد کرنا
- کسی سے ناراض ہونا

iv توقع اُٹھ جانے کا کیا مطلب ہے
- بھروسہ اُٹھ جانا
- خوف اُٹھنا
- وعدہ توڑنا
- اُمید بھر آنا

v گلہ کرنے سے شاعر کی کیا مراد ہے۔؟
- کسی سے شکایت کرنا
- کسی کو بددعا کرنا
- کسی سے نفرت کرنا
- کسی سے نااُمید ہونا

حصہ (ب)

سوال 3 درج ذیل میں کسی ایک پر مضمون لکھے۔؟ 10

انٹرنیٹ کے فائدے

محنت کی برکات

دیوالی/ عید

سوال 4 اپنے علاقے میں پھیلی ہوئی گندگی کی صفائی کے لیے ہیلتھ آفسر کے نام درخواست لکھیے۔؟ 6

یا

اپنے چھوٹے بھائی کو خط لکھ کر اسے پڑھائی پر توجہ دینے کی تاکید کیجیے؟

حصہ (ج)

سوال 5 لڑکیاں کھیلتی ہیں۔اس جملے پر غور کیجیے اور بتائیے یہ فعل کی کون سی قسم ہے۔اس فعل کی تعریف کیجیے۔ 3

سوال 6 مندرجہ ذیل جملوں میں سے زمانے کی نشاندہی کیجیے۔؟ 3

پرنسپل صاحب کل نہیں آئے تھے۔

ڈاکوں نے کل اُسے دھمکی دی تھی۔

ہمیں کل دعوت پر جانا ہے۔؟

سوال 7 ردیف کسے کہتے ہیں 2

سوال 8 سابقے اور لاحقے کی الگ الگ تعریف کیجیے اور مثالیں دیجیے۔؟ 3

سوال9 نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے متضاد الفاظ لکھیے۔؟ 3

بھلائی

امن

بُری

پختہ

موجود

مشرق

سوال10 نیچے لکھے ہوئے واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔؟ 3

ماہرین

اعداد

اطلاعات

خط

مکان

روح

سوال11 نیچے دیے ہوئے لفظوں میں مذکر اور موںث چھاںٹ کر لکھیے۔؟ 3

جہالت

خوف

مہنت

تعلیم

مصیبت

مقوع

سوال12 نیچے دیے ہوئے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔؟ صرف تین کے 3

ایک ہی تھیلی کے چٹّے بٹّے ہونا

موت کے گھاٹ اتارنا

ہتھیار ڈالنا

منہ لٹکانا

نیچا دکھانا

سوال13 قصّہ کیاہوا تھا؟ وزیر علی کو معزل کرنے کے بعد ہم نے اسے بنارس پہنچادیااور تین لاکھ روپے سالانہ وظیفہ مقرر کردیا۔کچھ مہینے بعد گورنر جنرل نے اسے کلکتے طلب کیا۔وزیر علی کمپنی کے وکیل کے پاس گیاجو بنارس میں رہتا تھا اوراس سے شکایت کی کہ گورنر جنرل اسے کلکتے میں کیوں طلب کرتا ہے۔وکیل نے شکایت کی پروانہ کی۔اُلٹا اسے بُرابھلاسنادیا۔وزیر علی کے دل میں یوں بھی انگریزوں کے خلاف نفرت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔اس نے 5

خنجر سے وکیل کا کام تمام کر دیا اور بھاگ گیا۔ اپنے جاں نثاروں سمیت اعظم گرھ کی طرف بھاگ گیا۔ اعظم گرھ کے حکمران نے ان لوگوں کو اپنی حفاظت میں گھاگھرا تک پہنچا دیا۔ اب یہ کارواں جنگلوں میں کئی سال بھٹک رہا ہے۔ مگر وزیر علی کی اسکیم کیا ہے۔؟ اسکیم یہ ہے کہ کسی طرح نیپال پہنچ جائے، افغانی حملے کا انتظار کرے، اپنی طاقت ۔ بڑھائے، سعادت علی کو معزول کر کے خود اودھ پر قبضہ کر لے اور انگریزوں کو ہندوستان سے نکال دے ہماری فوجیں اور نواب سعادت علی خان کے سپاہی بری سختی سے اس کا پیچھا کر رہے ہیں۔ ہمیں اچھی طرح معلوم ہے کہ وہ انھی جنگلوں میں ہے۔

i گورنر جنرل نے وزیر علی کو کہا طلب کیا تھا۔؟

- وکیل کے گھر میں
- کلکتے
- اودھ
- بنارس

ii کمپنی کا وکیل کہاں رہتا تھا۔؟

- نیپال
- بنارس
- اودھ
- کھٹمنڈو

iii وکیل کا کام کس نے تمام کر دیا۔؟

- سعادت علی نے
- گورنر جنرل نے
- وزیر علی نے
- کرنل نے

iv وزیر علی کی اسکیم کیا ہے۔؟

- انگریزوں کو ہندوستان سے نکلنا
- بہت پیسے لوٹنا
- اپنی فوج طاقتور بنانا
- اپنی جان بچانا

v سعادت علی کے علی خان کے سپاہی کس کا پیچھا کر رہے تھیں

- گورنر جنرل
- کرنل
- انگریزی فوج
- وزیر علی

سوال 14 قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو 5
چلو کہ ہم منزلیں بُلا رہی ہیں دور سے
چلو کہ سارے راستے ڈھلے ہوئے نور سے

چمن کھلا کھلا سا ہے
اُفق ڈُھلا ڈُھلا سا ہے
دیے جلاؤ راہ میں وطن کا نو سنگھار ہے نئی نئی بہار ہے

سفر کی ابتدا ہے یہ، ابھی رکو نہ راہ میں
پہاڑ ہو کہ غار ہو، نہ لاؤ تم نگاہ

روش پرانی چھوڑ کے
قدم قدم سے جوڑ کے
نئی نئی بہار ہے چلے چلو کہ وقت کو تمھارا انتظار ہے نئی نئی بہار ہے

کہو، وطن کی خاک ہی کو گلستان بنائیں گے
روش روش کو اس چمن کی کہکشاں بنائیں گے

قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو

i اس نظم میں شاعر کس کی اور قدم بڑھانے کو کہتے ہیں۔؟
- وطن کی ترقی کی اور
- اپنے مقصد کی اور
- اپنے والدین کی اور
- اپنے بھائی کی اور

ii لفظ اُفق کے کیا معنی ہیں۔؟
- آسمان کی روشنی
- محبت بھری نگاہ
- جہاں زمین و آسمان ملتے ہوئے نظر آتے ہیں
- اپنے وطن سے نفرت

iii لفظ کہکشاں کے کیا معنی ہیں۔؟
- کلیوں کا کھل جانا
- ستاروں کا جُھرمٹ
- وطن کی آزادی
- اپنے وطن سے محبت

iv نظم قدم بڑھاؤ دستو کس شاعر کی لکھی ہوئی نظم ہے۔؟
- حبیب تنویر

- ساحرلدھیانی
- بشرنواز
- میر تقی میر

v روش پرانی چھوڑ کے اس شعر کو مکمل کیجیے۔

- کلی کلی نکھار کے
- قدم قدم سے جوڑ کے
- سفر کی ابتدا ہے یہ ابھی رکو نہ راہ میں
- پہاڑ ہو کہ غار ہو نہ لاؤ تم نگاہ میں

سوال15 درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھے۔؟ 6

کاٹھ کا گھوڑا

اے شریف انسانو

قول کا پاس

سوال16 دیے ہوئے سوالات کے جوابات لکھیے۔؟ صرف چار کے 8

I. مہاڑ اور غار کو گاہ میں نہ لانے کا مطلب کیا ہے۔؟

II. بندو کی سست رفتاری کا ارکن کن لوگوں پر پڑا۔؟

III. اردو کہاں پیدا ہوئی اور کس زبان سے نکلی ہے۔؟

IV. آگ جلانا سیکھنے کے بعد اسانی زندگی میں کیا تبدیلی ہوئی۔؟

V. پہاڑ نے گلہری سے ڈوب مرنے کو کیوں کہا۔؟

VI. " روح تعمیر" کے زخم کھانے سے ساعر کی کیا مراد ہے۔؟

VII. آسمان میں کتنے مارے ہیں، او نتی نے اس سوال کیا جواب دیا۔؟

سوال17 دیے ہوئے سولات کے جوابات لکھیے۔؟ صرف دو کے 4

I. ٹھیکرے نے اپنے ایک کردار کی بے تکلفی کا ذکر کس طرح کیا ہے۔؟

II. کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں سے ساعر کی کیا مراد ہے۔؟

III. آلودگی سے کیا مراد ہے۔؟

IV. خالی ظرف کے صدا دینے سے کیا مراد ہے۔؟

سوال18 ڈاکر امبیڈکر کی حالاتِ زندگی پر ایک نوٹ لکھیے۔؟ 3